# Life Of Demons,and Visions

# شیاطین کی زندگی اور روئیتں

فرمودہ از

ولیم میرئین برنہم

Preached on Saturday, 21st July 1951 at the Civic Auditorium in Toledo, Ohio, U.S.A.

Publisher:Pastor Javed George
(End Time Message Believers Pakistan)

We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,
New Zealand. They have given us helping hand to publish the books. Because this church has helped us to spread the End Time Message, which was given to Brother Willam Marrion Brnham

# Life Of Demons,and Visions

# شیاطین کی زندگی اور رویئتں

**E1-** یہ میری ماں کا گھر تھا اور میں وہاں رات ٹھہرنے کے لئے جا رہا تھا۔ میں بیماروں کیلئے دُعا کر رہا تھا اور میں لیٹ ہو گیا۔ اور اِس طرح میں والدہ کے گھر رُک گیا۔ اور میں اُس سے بات چیت کر رہا تھا۔ اور ہم بستر پر گئے۔ تھوڑی دیر میں، میں آیا۔ میں اٹھ کھڑا ہوا۔ اور میں آرام نہیں کر سکا کیا آپ کے بھی ایسی بے چین راتیں گزری ہیں؟ اگر آپ ایک مسیحی ہیں تو محتاط رہیں، ہوسکتا ہے کہ وہ خدا ہو جو آپ کے ساتھ پیش آ رہا ہے سمجھے؟ چنانچہ میں اُٹھ کھڑا ہوا اور ادھر اُدھر ٹہل رہا تھا۔ اور میں پلٹا۔ مجھ پر ایک بوجھ تھا؟ میں نے سوچا، ''ہوسکتا ہے کہ کہیں پر کوئی بیمار ہو اور وہ چاہتے ہوں کہ میں اُن کے لئے دُعا کروں''۔

میں بیٹھ گیا اور دُعا نہیں کر سکا۔ اور تھوڑی دیر کے لئے ایسا ہی رہا اور کچھ دیر کے بعد میں نے کمرے میں اردگرد دیکھا۔ اور کیا آپ خواتین میں سے کسی نے اس طرح کپڑے دھوئے ہیں اور اپنے دھوئے ہوئے کپڑوں کو اِس طرح ایک کرسی پر ایک ڈھیر کی مانند رکھا ہے؟ یہ میری ماں ہے اور پھر ننگے پاؤں استری کرنا...... اور اگر اُسے پتہ ہوتا کہ میں نے ایسا کہا ہے تو وہ مجھے دوبارہ اپنے دھاری دار اپیرن کی طرف پلٹ دیتی۔ لیکن میں نے اُس بے چاری بوڑھی عورت کو کئی دفعہ وہاں کھڑے دیکھا اور جیسا کہ آپ کو بتایا، ننگے پاؤں اپنی اِستری کے ساتھ' کپڑے استری کرتے ہوئے اور وہ۔۔۔

**E2-** میں نے سوچا کہ اُس نے بیڈروم میں اپنے کپڑوں کو ایک کونے میں کرسی پر رکھا ہے۔ اور یہ کوئی سفید سی چیز دکھائی دی اور یہ میرے قریب آنا شروع ہوئی۔ میں نے اِس پر نظر کی اور یہ کرسی نہیں تھی؛ یہ کوئی ہلتی ہوئی سفید سی شے تھی۔اور یہ... اور ایسا لگا کہ میں اِس کے اندر چلا گیا ہوں یا یہ میرے اندر آ گئی ہے۔اور چند لمحات میں میں ایک بیابانی مُلک میں سے گزر رہا تھا اور میں ایک بھیڑ میمیاتے ہوئے سُن سکتا تھا''میں میں'' کیا آپ نے کبھی ایک چھوٹے میمنے کو چلاتے ہوئے سُنا ہے؟ یہ دنیا میں سب سے قابلِ رحم چیز ہے۔اور یہ میمنا رہا تھا میں نے کہا''وہ چھوٹی سی شے۔میں اِس کو دیکھنے جا رہا ہو،اگر میں اِس کو پا سکا''

اور میں نے جھاڑیوں کی طرف جانا شروع کیا۔اور جونہی میں اِس کے قریب پہنچا تو یہ ایک برّہ نہیں تھا۔ یہ ایک انسان تھا۔وہ پکار رہا تھا یہ کہتے ہوئے،''ملِ ٹاؤن،ملِ ٹاؤن''میں نے اپنی زندگی میں اِس جگہ کا کبھی نہیں سُنا تھا۔ چنانچہ جب میں اپنے آپ میں آیا.....وہ آنے والے بدھ کی رات چرچ میں گیا۔اور میں نے اُن میں سے کچھ سے کہا،''کسی کو پتہ ہے کہ ملِ ٹاؤن کہاں ہے؟ کوئی نہیں جانتا تھا۔

**E3-** چنانچہ پھر میں نے اتوار کی رات کو اِس کا اعلان کیا۔''کیا کسی کو پتہ ہے کہ ملِ ٹاؤن کہاں ہے؟اور ایک بھائی جارج رائٹ کے نام سے،میرا خیال ہے کہ آپ میں سے کافی زیادہ جو ہیکل میں جاتے ہیں،اُنھیں جانتے ہیں۔

اور اُس نے کہا،''جی ہاں، بھائی برینہم یہاں سے تقریباً پنتیس میل جنوب کی طرف۔'' کہا،''میں اِس کے قریب ہی رہتا ہوں''

میں نے کہا،''میں اگلے ہفتے وہاں جاؤں گا۔خدا چاہتا ہے کہ میں ملِ ٹاؤن جاؤں۔

وہاں کوئی ہے جو تکلیف میں ہے۔

اُس نے کہا، ''وہ یہاں سے جنوب میں پانچ سو یا ہزار لوگوں کا چھوٹا سا شہر ہے''

میں نے کہا، ''خیر میں وہاں جاؤں گا''۔

**E4-** ہم وہاں گئے اور مجھے یاد ہے کہ میں وہاں کریانے کی دکان پر گیا جو گلی کے کونے پر ہے۔ میں نے سوچا، ''حیرانگی ہے کہ خداوند مجھ سے کیا چاہتا ہے''؟ میں اندر گیا اور ایک صندوق خریدا اور وہاں سے باہر آیا اور میں نے سوچا کہ میں یہاں کونے پر ہی منادی کروں گا۔ ''خیر میں صندوق پر کھڑا ہوا اور مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیا منادی کروں اور وہاں دیہات میں، آپ کو پتہ ہے کہ تمام لوگ ہفتے کو آتے ہیں تاکہ خریداری کریں۔

بھائی رائٹؔ نے کہا، ''بھائی برنہم میں پہاڑی پر جا رہا ہوں تاکہ ایک سودا کر سکوں، میں نے ایک آدمی کو کچھ انڈے دینے ہیں۔ کہا'' کیا آپ میرے ساتھ آنا چاہتے ہیں؟''

میں نے کہا، ''ہاں'' اور جیسے ہی میں اوپر گیا تو وہاں پہاڑی پر ایک بڑا سفید چرچ تھا۔ اور میں نے کہا، ''دیکھوں کیا یہ ایک خوبصورت چرچ نہیں ہے''؟

اُس نے کہا، ''ہاں اِس چرچ کے ساتھ کچھ مسئلہ ہے'' کہا'' ''وہاں ایک بپٹسٹ چرچ ہے اور اُس کا پاسٹر کسی تکلیف میں ہے۔'' اور کہا، ''کلیسیا گھٹتی گئی اور اس کے بعد یہاں کوئی پاسٹر نہیں آیا''۔ کیا، شہری انتظامیہ نے اِس کو لے لیا۔ تمام جماعت نے اِس کو چھوڑ دیا اور دوسرے عبادت خانوں میں چلی گئی۔

**E5-** اور میں نے محسوس کیا کہ خدا کی روح نے مجھے بتایا، ''رُک جاؤ'' میں وہاں گیا اور دروازہ بند تھا۔ اور میں نے کہا، ''بھائی رائٹؔ آپ جائیں۔ اور میں..... آپ واپس آئیں اور

تھوڑی دیر بعد مجھے یہاں سے لے جائیں۔''

اور جب وہ چلا گیا تو میں گھٹنوں کے بل جھُکا اور دُعا کی۔ میں نے کہا،''خداوند، اگر تُو مجھے اِس چرچ میں چاہتا ہے تو اِس کے دروازوں کو میرے لئے کھول۔''

اور جب میں دُعا کر رہا تھا تو میں اُٹھ کھڑا ہوا اور میں نے کسی کو آتے سُنا یہ کوئی شخص تھا جو قریب ہی چل رہا تھا۔ اُس نے کہا،''ہیلو''! اور میں نے کہا،''آپ کیسے ہیں''؟

اُس نے کہا،''میں نے آپ کو دُعا کرتے دیکھا ہے۔''

میں نے کہا،''جی ہاں جناب۔ میں۔ میں صرف..... میں ایک منّادہوں اور اِن سیڑھیو پر دُعا کر رہا تھا۔

اُس نے کہا،''کیا آپ اندر جانا چاہتے ہیں؟''

میں نے کہا،''جی ہاں، جناب۔''

کہا،''میرے پاس چابیاں ہیں۔''

میں نے کہا،''خداوند، تیرا شُکر۔'' میں نے کہا،''خداوند، تیرا شُکر۔''

کیا آپ سب اِس پر یقین رکھتے ہیں؟ جی جناب۔ جی جناب۔ وہ حقیقی ہے۔

E6- اور اُس نے میرے لئے دروازہ کھولا اور میں اندر گیا، وہاں تقریباً تین یا چار سو لوگوں کے بیٹھنے کی جگہ تھی۔ اور میں اُس جگہ تک چل کر گیا۔ اور میں نے اپنا سر جُھکایا اور دُعا کی۔ میں نے کہا،''یہ کس کی ملکیت ہے؟

کہا،''اوہ شہر کی۔'' کہا،''ہم صرف ..... میں تو صرف یہاں اِس کی دیکھ بھال کرتا ہوں۔'' کہا،''صرف ایک ہی چیز جو ہم یہاں کرتے ہیں وہ جنازے یا ایسی ہی چیزیں ہیں۔''

میں نے کہا، ’’تعجب ہے، میں یہاں بیداری لاسکتا ہوں‘‘؟

کہا، ’’شہر کے افسر سے ملیں‘‘۔

اور میں نیچے گیا اور اُس سے پوچھا۔ اُس نے کہا، ’’یقیناً اگر آپ اِس میں میٹر لگالیں۔‘‘

میں نے کہا، ’’میں یوٹیلٹی کمپنی کیلیئے کام کرتا ہوں۔ میں اپنا میٹر یہاں لگالوں گا۔

اُس نے کہا، ’’بہت مناسب ہے۔‘‘

میں نے میٹر لگوایا اور وہاں اعلان کیا کہ میں نے وہاں بیداری کی عبادات کرنے کے لئے پوچھا۔ میں نے کہا، ’’جناب میں یہاں بیداری کرنے جا رہا ہوں، کیا آپ آئیں گے‘‘؟ اُس نے کہا، ’’ہم یہاں مرُغیاں پالتے ہیں۔ کسی بھی چرچ میں جانے کے لئے وقت نہیں ہے۔ میں نے کہا، ’’اچھا، تو کیا آپ تھوڑی دیر کے لئے مرُغیوں کو اکیلا چھوڑ کر عبادت کے لئے نہیں آسکتے؟

**E-7** اُس نے کہا، ’’اوہ، ہمارے پاس اِس طرح کی چیز کے لئے وقت نہیں ہے۔‘‘ کہا ’’مجھے اپنے کاروبار کو دیکھنا ہوتا ہے‘‘ کہا ’’تم اپنی دیکھ بھال خود کرو‘‘۔

میں نے کہا’ ’’جناب‘ میرا آپ کے جذبات کو تکلیف پہنچانے کا کوئی مقصد نہیں ہے۔‘‘

اُس کے دس دنوں کے بعد آپ کو پتہ ہے کہ انھیں وقت نکالنا پڑا کہ اُس آدمی کو دفن کریں۔ وہ مر گیا تھا۔ اور انھوں نے اُسے چرچ کے سامنے دفن کیا۔

ہم نے بیداری کی عبادت شروع کی۔ اور..... اوہ، میں باہر نکلا اور جنگلوں میں جا کر دُعا کی اور میں نے سوچا کہ خداوند مجھے ایک بڑا پیغام دے، اور میں اپنے دل میں جل رہا تھا کہ اُسے پہنچاوں۔ میں نے کہا’ ’’اوہ‘ شاید آج رات یہاں ایک بڑا مجمع ہو۔ ہوسکتا ہے کہ خداوند مجھ

سے یہی چاہتا ہے کہ یہاں بیداری ہو"۔

**E-8** چنانچہ میں وہاں گیا۔آپ کو پتہ ہے کہ وہاں کون تھا؟ جارج رائٹؔ اُسکی بیوی اور بیٹا اور بیٹی۔میری جماعت میں چار افراد تھے۔میں نے خدواند کے پیغام کی منادی کی جیسا کہ اُس نے مجھے دیا تھا۔اور پھر اگلی رات کے پیغام کی منادی کی جیسا کہ اُس نے مجھے دیا تھا۔اور پھر اگلی رات وہاں ایک عجیب سادِکھنے والا شخص باہر چلتا ہوا آیا اور وہ تھا ایک.... انھوں نے مجھے بتایا کہ وہ ایک برگشتہ ناظرینؔ تھا،جسکا تعلق پہلے ناظرینؔ چرچ سے تھا اور وہ بعد میں گمرُاہ ہو گیا۔تمبا کو پینے والا پائپ اُسکے منہ میں تھا اور اُس نے عمارت کے باہر ایک طرف کھٹکھٹایا،اُس کے بال چہرہ پر نیچے لٹک رہے تھے اور ایک طرف سے دانت باہر نکلا تھا۔اور اندر دیکھا اور کہا،"کہاں ہے وہ چھوٹا بلی سنڈےؔ جس کے بارے میں وہ یہاں بات کر رہے ہیں؟"

مسٹر رائٹؔ پیچھے گئے اور اُسے پکڑا اور نیچے بٹھایا میں وہاں پلپٹ کے پیچھے بائبل پڑھ رہا تھا۔بھائی رائٹؔ آئے اور کہا"اِس علاقے کا کرفت تریں بندہ یہاں اندر داخل ہوا ہے۔" کہا" وہ ایک غصیلا آدمی ہے"۔کہا"اُس کا نام ولیم ہالؔ ہے وہ وہاں پہاڑی پر پھول بیچتا ہے۔

میں نے کہا"ہوسکتا ہے کہ یہ وہی ہو جسکے پیچھے خداوند ہے۔"

چنانچہ میں نے منادی شروع کی۔بھائی رائٹؔ اُس کے پاس گئے اور کہا"کیا تم اگلی نشست پر آنا چاہتے ہوں"؟

اُس نے کہا"میں یہاں پیچھے چیزوں کی دیکھ بھال کروں گا۔تم آگے چلے جاؤ۔"

اور جب عبادت ہوئی اور ختم ہوگئی تو مسٹر ہال کہڑے کے ساتھ خدا سے دُعا کر رہا تھا۔

وہ وہاں میرا مدد گار پاسٹر تھا۔اور ابھی بھی...... چند راتیں پہلے وہاں کچھ شفا وقوع پذیر ہوئی

تھی۔اور پھر ہجوم نے آنا شروع کر دیا۔ہمیں وہاں درختوں پر پی اے سسٹم نصب کرنا تھے۔لیکن یہ ایسے لگ رہا تھا کہ یہ سب کچھ نہیں تھا۔

E-9 وہاں ایک نوجوان خاتون تھی جو کسی خاص چرچ سے تعلق رکھتی، جسکا میں نام نہیں لُوں گا؟ وہ کسی روح پر ایمان نہیں رکھتے؟ صرف لفظی طور؛ ''ہم وہاں بولتے ہیں جہاں کلام بولتا ہے اور خاموش رہتے ہیں جہاں یہ خاموش ہے''۔

اور وہاں انھوں نے ایک اعلان کیا تھا کہ اگر کوئی اُس عبادت میں گیا تو اُسے اُنکے چرچ کا لیٹر دیا جائے گا اور گھر بھیج دیا جائے گا۔اُس کا باپ چرچ میں ایک ڈیکن تھا۔اور اسکے ہاتھ میری کتابوں میں سے ایک ہاتھ لگ گئی۔اور یہ خاتون، وہ اب تقریباً پچاس سال کی ہے۔اُس کا نام مس جورجی کارٹر ہے۔وہ نو سالوں اور آٹھ مہینوں سے بستر پر لیٹی تھی اور یہ کہ اُس نے کبھی بھی بستر سے اپنا سر نہیں اٹھایا تھا ٹی بی۔اور وہ اُسکے بستر کے نیچے رفع حاجت کا برتن بھی نہیں رکھ سکتے تھے۔انھوں نے ربڑ کی ایک شیٹ رکھی تھی اور ایک چھوٹی سی شیٹ درمیان میں تھی۔میرا خیال ہے کہ آپ جانتے ہیں، بھائی ریان کو اس چھوٹی درمیانی شیٹ کو اِس طرح کھینچنا تھا۔اُس نے کبھی بھی باہر کی دُنیا نہیں دیکھی تھی، کہیں باہر نہیں گئی تھی، حتیٰ کہ کھڑکیوں سے باہر بھی نہیں، نو سال اور آٹھ مہینوں سے۔

اور کوئی میرے پاس آیا اور بتایا۔کہا، ''تم اُسکے لئے دُعا کرنے نہیں جا سکتے۔کہا، ''وہ تمھارے لئے رو رہی ہے''۔اور جونہی انھوں نے یہ کہا تو ایسا لگا کہ یہ وہی تھا جس کو مجھے جا کر دیکھنا تھا۔

**E-10** خیر، اُسکے ماں اور باپ مجھے نہیں آنے دیں گے کہا، ''نہیں، ہم اُس دھوکے باز کو نہیں

آنے دیں گے"۔اور جب میں بیداری کی عبادت کے بعد جانے کے لئے تیار تھا،اُس کے باپ نے کہا،"وہ گھر سے نکل جائے گا"اوراُس کی ماں نے کہا،"وہ چھوڑ دے گی جیسا کہ لڑکی کو تسلی دینا ہو چنانچہ میں نے سوچا کہ لازماً انھوں نے منادسے اجازت لی ہوگی کہ مجھے وہاں آنے دیا جائے۔ چنانچہ میں اُسے دیکھنے کے لئے گیا۔اوراُس بے چاری کے پاس میری چھوٹی سی کتاب وہاں پڑی ہوئی تھی اور بستر کی پُشت پر، اِس سے پہلے کہ وہ گرتی..... میں آگے بڑھا اور اسکے ہاتھ پیچھے کیئے۔بستر پر جہاں وہ تھی وہاں سے سارا رنگ اُتر گیا تھا، میں رویا اور اسکی مخلصی کے لئے دُعا کی۔ لیکن اُس کا چرچ الہامی شفا پر یقین نہیں رکھتا تھا۔اوراُسکے پاس یہ کتاب تھی اوراُس نے اخبار میں دیکھا تھا کہ جہاں پر ایک اورلڑکی شفایاب ہوئی تھی جو کہ ایک رویا کے ذریعے بھیجی گئی تھی۔اور وہ شفایاب ہونا چاہتی تھی۔

**E-11** اوہ، بے چاری ننھی سی جان اتنا زیادہ روئی۔اور میں اندر گیا۔اُس نے کہا،"بھائی برنہم میرا یقین تھا کہ اگرآپ آئیں گے تو یسوعؔ مجھے ٹھیک کردے گا۔"

اوہ میں نے کہا،"بہن کیا تم اُسکی خدمت کروگی؟"

کہا،"اپنے پورے دل سے۔"

اوراُسکے چھوٹے ناتواں بازو، وہ اپنا مگ بھی نہیں اٹھا سکتی تھی۔وہ شروع کرتی تھی اور کہنا شروع ہو جاتی تھی،"او،او،او"اور پھر انھیں پیالے کو پکڑنا ہوتا تھا۔اُس کو"او،او،او"کرتے ہوئے اُس میں تھوکنا پڑتا تھا۔اور یہ تھی حالت جس میں کہ وہ تھی۔میں جُھکا اوراُس کے لئے دُعا کی اور کمرے سے باہر چلا گیا۔

**E-12** اور اسکے تقریباً دو ہفتوں کے بعد میں دوبارہ تیار تھا ایک اور عبادت کے لئے۔ہماری

تین، چار رات کی عبادات تھیں۔اور وہاں پر ایک اور خادم تھا جو غوطہ دینے میں یقین نہیں رکھتا تھا۔اور اسکی ایک خیمے میں بیداری کی عبادت تھی۔اور اُس نے کہا،''اگر کوئی شخص، میری جماعت سے کوئی بھی، اُس چرچ تک چل کر جاتا بھی ہے جہاں وہ خبطی الٰہی شفا دینے والا ہے'' کہا''میں قطعی طور پر اُن کو اپنے چرچ سے خارج کر دُوں گا''۔اُس نے کہا،''یہ خیال ہی..... کہا،'' آپ کو پتہ ہے کہ وہ شخص آپ کو دریا میں ڈبو دے گا۔اُس نے کہا،''خیر.....

میں اُس سہ پہر وہاں بپتسمے کی ایک عبادت کے لئے گیا۔اور چھوٹی جورجؔی، میں نے اُسے بتایا، میں نے کہا،''بہن اب، میں تمھارے لئے دُعا کر سکتا ہوں۔یہ ہے جو کہ میں جانتا ہوں۔

اُس نے کہا،''کیا تم میرے لئے کر سکتے ہو، جیسے کہ تم نے اُس نیل لڑکی کے لئے کیا؟''

میں نے کہا،''نہیں پیاری وہ ایک رویا تھی۔پہلے مجھے رویا دیکھنا ہوتی ہے'' میں نے کہا،''اگر وہ کبھی بھی مجھے واپس بھیجے گا تو میں واپس جاؤں گا۔لیکن میرا یقین ہے کہ تم ٹھیک ہونے جا رہی ہو'' میں نے اُس کے ایمان کو تقویت دی۔

**E-13** اور چنانچہ، خدمت کے آخری دن میں ٹویٹن فورڈؔ گیا تا کہ بپتسمہ دے سکوں، آپ میں سے بہت سارے لوگ جو کوری ڈونؔ سے ہیں جانتے ہیں کہ وہ کہاں ہے۔چنانچہ میں وہاں گیا تا کہ بپتسمہ دوں۔اور یہاں اُس خادم نے اپنی عبادت ختم کر دی اور تمام جماعت کنارے پر کھڑی تھی۔آپ کو جیسا کہ پتہ ہے، میں دریا میں اُترا۔او میرے خدا، وہ کیسا شاندار احساس تھا، پانی جو ہر طرف اُچھل رہا تھا۔اور میں نے اُس سہ پہر تقریباً پچاس لوگوں کو بپتسمہ دیا۔اور جب کہ میں وہاں کھڑا تھا ایسے لگا جیسے درخت کی ہر شاخ پر فرشتے بیٹھے ہوئے تھے۔

**E-14** اور میں وہاں کھڑا تھا اور اِس طرح دُعا کرنا شروع کی۔ میں نے کہا، ''جیسے خدا نے یوحنا کو بپتسمہ دینے کے لئے بھیجا.... اور میں نے کہا وہ بولا، ''تم تمام دنیا میں جاؤ اور سب قوموں کو اپنا شاگرد بناؤ اور انھیں بپتسمہ دو۔ جو ایمان رکھتے ہیں اُن پر یہ نشان ظاہر ہو نگے۔'' اور تقریباً اُسی وقت، روح القدس نے اُس کنارے پر جنبش کی اور اُس خادم کی ساری جماعت دریا میں چلی آئی، اپنے اچھے کپڑوں کے ساتھ چلاتی ہوئی۔ میں نے اُس سہ پہر اُن میں سے ہر ایک کو بپتسمہ دیا۔ اُن میں سے ہر ایک کو۔ یہ ٹھیک ہے۔ یہ سچ ہے۔

عورتیں اپنے ریشمی کپڑوں کے ساتھ چلا رہی تھیں، نوجوان عورتیں، اور مائیں اور باپ اور اپنے بچوں کو ساتھ لاتے ہوئے۔ میں نے بپتسمہ دیا جب تک کہ اندھیرا نہیں ہو گیا۔ انھوں نے مجھے پانی سے نکالا۔ میں بھائی رائٹ اور اُن کے ساتھ گیا تاکہ رات کا کھانا کھاؤں۔ اور رائٹ کی امی، وہ زبردست کھانا بناتی ہیں۔ گاؤں کے اوپر والی طرف جہاں وہ رہتے ہیں۔ اور میں نے کہا، ''میں ابھی کھانا نہیں کھانا چاہتا۔'' میں نے کہا، ''میں یہاں جاؤں گا تاکہ دُعا کروں۔ خداوند چاہتا ہے کہ میں دُعا کروں۔ کوئی چیز ہے جو میرے دل پر بوجھ بنی ہوئی ہے۔

چنانچہ پھر اُس نے کہا، ''ٹھیک ہے، جب میں کھانے کے لئے گھنٹی بجاؤں گا تو بھائی برنہم آپ آجائیں''۔ کہا، ''کیونکہ ہمیں جلدی کرنا ہے۔''

میں نے کہا، ''درست۔''

**E-15** اور میں وہاں گیا اور گھٹنوں کے بل جھکا۔ کیا آپ نے کبھی ایسا محسوس کیا ہے کہ جیسا خادار جھاڑیوں نے آپ کو روکا ہوا ور فرش بہت کھُردرا ہو؟ کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا؟ یہ وقت ہے کہ زور دیا جائے۔ یہ ابلیس ہے جو آپ کو اِس سے روک رہا ہے۔ چلتے جائیں جب تک کہ آپ

دُرست کام کررہے ہیں تو آپ کوئی چیز غلط نہیں کرسکتے۔سمجھے؟ آپ اِس راستے نہیں جاسکتے جب آپ اُس راہ پر جارہے ہیں۔اور میں جانتا ہوں کہ یہ ٹھیک ہے کہ دُعا کی جائے۔اور میں نے دُعا جاری رکھی؟ ہوا چلی اور ایک سٹکر میرے چہرے سے ٹکرایا۔میں نے صرف یہ کہا،''خداوند، تیرا شکر''۔اور دُعا میں مشغول رہو۔

اور تھوڑی دیر بعد میں روح میں کھوگیا۔کیا آپ کبھی روح میں کھوئے ہیں؟ مجھے معاف کیجیے گا تیز بولنے کے لئے جیسے کہ ایک جھاڑی کو آگ لگی ہو، کیونکہ مجھے جلدی کرنا ہے لیکن میں تو صرف روح میں کھوہی گیا۔مجھے نہیں پتہ تھا کہ میں کہاں پر تھا۔میں نے اُس گھنٹی کو بجتے سُنا لیکن میرا خدا کے ساتھ اتنا اچھا وقت گزر رہا تھا کہ مجھے کھانے کی سوچ نہ رہی۔اور گھنٹی بجتی گئی۔اور مجھے پتہ تھا کہ اندھیرا ہورہا تھا۔اور میں دُعا کررہا تھا۔میں نے کہا،''خداوند تیری بھلائی کے لئے شکریہ۔''

اور جیسے میں نے اپنی آنکھیں کھولیں، وہاں پر چھوٹی جھاڑی کے پاس سے چمک آرہی تھی، وہاں ایک روشنی تھی، بنری مائل، پیلی سی روشنی، جو کہ بالکل میرے سامنے نیچے چمک رہی تھی۔اور ایک آواز، گہری آواز کی طرح بولی، وہاں اُن جھاڑیوں میں اور کہا،''کارٹر کے راستے سے جاؤ''۔یہ کافی تھا۔اُسکے پاس تھا۔میں اٹھ کھڑا ہوا اور چیخنے لگا اور میں بھاگا۔انھوں نے وہاں جنگل میں میرے لئے کھوجی بھیجے۔میں باڑ سے باہر کودا اور میدان میں نیچے ہوگیا اور سیدھا بھائی رائٹ کے بازوں کی طرف چھلانگ لگائی۔

اُس نے کہا،''بھائی بلی'' اُس نے کہا،''امی ایک گھنٹے سے کھانے کے لئے آپ کا انتظار کررہی ہیں۔اُس نے کہا،''وہ وہاں پہاڑی پر ہر جگہ آپ کو ڈھونڈنے کے لئے نکلے ہیں۔

**E-17** میں نے کہا،''بھائی رائٹ میں کھانا نہیں کھانے جا رہا''۔میں نے کہا،''جورجی کارٹر اگلے چند منٹوں میں مکمل شفایاب ہونے جارہی ہے''۔وہ تقریباً آٹھ میل دُور تھی۔

اُس نے کہا،''کیا؟''

میں نے کہا،''جی ہاں، جناب۔خداوند نے ایسا کہا ہے۔''

اُس نے کہا،''آپ کا مطلب ہے کہ وہ اٹھ کھڑی ہوگی؟''

میں نے کہا،''وہ بالکل ٹھیک ہوجائے گی اگلے چند منٹوں میں، جتنا جلدی کہ میں وہاں جاؤں۔''

اُس نے کہا،''کیا میں آپ کے ساتھ جاسکتا ہوں؟''

میں نے کہا،''جی ہاں، جناب۔''

اور وہاں پر ٹیکساس سے ایک آدمی تھا جو اپنی بیوی کو لے کر آیا تھا اور وہ شفا پا چکی تھی۔ اُس نے کہا،''بھائی برنہم، کیا میں آپ کے ساتھ جا سکتا ہوں''؟ اُس نے اِس سے پہلے چھوٹی لڑکی نائیل کو شفا پاتے دیکھا تھا۔

میں نے کہا،''جی ہاں، جناب۔''

اُس نے کہا،''آپ کا مطلب ہے کہ وہ چھوٹی سی ہڈیوں کے ڈھیر والی.....''

میں نے کہا۔''وہ چند منٹوں میں شفا پانے جارہی ہے۔''

ہم نے گاڑی کی طرف چھلانگ لگائی اور چلے گئے۔اب خدا، لکیر کے دونوں سروں پر کام کرتا ہے۔کیا آپ اِس پر یقین نہیں رکھتے؟ (جماعت جواب دیتی ہے۔''آمین'')۔

E-18 جب وہ یوحنا مرقس کے گھر دُعا کے لئے بیٹھے ہوئے تھے اور پطرس قید خانے میں تھا تو خداوند کا فرشتہ وہاں تھا۔آپ جانتے ہیں کہ میرا کیا مطلب ہے؟

اور پھر یہ عورت، ماں، مسز کارٹر..... میں چاہتا ہوں کہ آپ سب اُسکو لکھیں اگر آپ چاہتے ہیں۔ وہ بہت نازک صورت حال میں تھیں۔لیکن وہ..... چھوٹی جورجی روٹی۔ اُس نے خدا سے وعدہ کیا کہ اگر وہ اس سہ پہر شفا پاتی ہے تو وہ نیچے جائے گی اور بپتسمہ پائے گی۔ چنانچہ... اور وہ اُس بستر سے نہیں اُٹھی تھی، اُس کا سر اوپر تھا، نو سال اور آٹھ مہینوں سے۔

اور پھر وہ وہاں لیٹی ہوئی روتی تھی اور اُسکی ماں کو کام کرنا پڑتا تھا۔ اُس کی ماں وہاں بیٹھ گئی، ایک اچھی قدرے جوان عورت، جس کے بال سفید ہو گئے تھے، فالج زدہ ہو گئی، دن اور رات، سارا وقت اُس بستر کے پاس بیٹھے رہ کر، صرف تھوڑی سی نیند ہی وہ لے سکتی تھی۔ ٹھیک ہے۔

اُسکی ماں باورچی خانے میں گئی، گھٹنوں کے بل جھکی اور کہا اے پیارے خُدا.... ''اب مخلص دے کیونکہ مجھے غلط سکھایا گیا تھا۔ کہا ''اے پیارے خُدا''، کہا ''میری چھوٹی بے چاری لڑکی پر رحم کر، بے چاری چھوٹی سی جو یہاں پڑی ہوئی ہے۔ اور وہ دھوکے باز جو اپنے آپکو کچھ سمجھ رہا ہے اور دیہات سے آیا ہے''۔ اور کہا ''اور اُس نے میری بچی کو بے حال کر دیا ہے'' کہا ''خدایا رحم کر'' اِس طرح دُعا کرنا شروع کر دی۔

E-19 اب، یہاں اُس کی گواہی ہے۔ میں اِسے نہیں جانتا۔ یہ اُس کے الفاظ ہیں۔ اُس نے کہا ''اُس نے اِس طرح کے سر کو اٹھایا؟ وہ اُس کی آنکھوں سے آنسو پونچھ رہی تھی۔ اُس کی بیٹی اگلے دروازے پر رہتی تھی۔ وہ اچھے لوگ تھے۔ اور سورج مغرب غروب ہو رہا تھا اور دیوار سے نیچے آتے دیکھا'' اور اُس نے سوچا کہ یہ اُسکی بیٹی ہے جو گھر کے قریب آ رہی ہے۔ لیکن جب وہ اُس کے قریب آ گیا، تو اُس نے کہا ''یہ خداوند یسوعؔ مسیح تھا'' کہا ''وہ اِس طرح اتنا قریب

آ گیا۔'' اُس نے کہا،'' یہ کون ہے؟''

اور کہا کہ انھوں نے دیکھا۔اور وہ مجھے اپنے اونچے ماتھے کے ساتھ دیکھ رہی تھی اور یہ بائبل میرے دل کے پاس تھی، جبکہ میں گھر میں چلتے ہوئے آ رہا تھا۔اور اُس نے کہا،'' اوہ، رحم، میں، میں، میں گئی تھی....

میں سو رہی ہوں۔اُس نے کبھی رویا نہیں دیکھی تھی۔اُس نے کہا؟'' میں سو رہی ہوں۔''

اوہ وہ اندر بھاگی اور جورجؔی کو بتایا اور کہا،'' جورجؔی میں چند منٹ پہلے باہر تھی، دُعا کر رہی تھی اور ایسے لگا کہ میں نے ایک شکل جو دیوار پر دیکھی جو کہ یسوؔع کی مانند تھی۔اور میں نے دیکھا کہ بھائی برنہؔم آ رہے ہیں، کہا، دو آدمی اُس کے ساتھ ہیں۔اُسکے دل کے پاس بائبل ہے'' اور تقریباً اُسی وقت باہر کا دروازہ بند ہو گیا اور یہاں پر میں اور دو آدمی پہنچ گئے۔

**E-20** میں آپ کو بتاتی ہوں۔اوہ، میرے خدا۔میں اچھا محسوس کرتی ہوں۔بھائی آپ کبھی بھی نہیں جانیں گے کہ یہ کیسا محسوس ہوتا ہے جب تک کہ سب نہ جان جائیں کہ جہاں پر ابھی آپ کھڑے ہیں۔پھر اِسکو جہنم کے تمام شیاطین بھی نہیں روک سکتے۔وہ کچھ نہیں کر سکتے۔آپکو پتہ ہے کہ اُس وقت کہاں تھے۔

اور میں گیراج کی طرف بڑھا۔میں نے کبھی..... مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے میں اپنے بدن سے باہر آ گیا ہوں اور دیکھا کہ میرے جسم نے اُس دروازے کے کھولا اور اندر چلا گیا۔اور وہاں وہ چھوٹی لڑکی لیٹی ہوئی تھی۔اور ماں فرش پر جھکی اور گر گئی۔اور میں بستر کی طرف بڑھا جہاں پر کہ وہ تھی۔میں نے کہا۔''بہن جورجؔی، حتیٰ کہ خداوند یسوؔع، جس کو تم پیار کرتی ہو اور تمام وقت اُس پر بھروسہ کیا، وہ مجھے جنگلوں میں مِلا تھا اور کہا کہ میں لازمی آؤں اور تم ٹھیک ہو جاؤ گی۔

چنانچہ اُس حکم کی تابعداری میں جو چند لمحے پہلے مجھے جنگل میں مِلا، میں تمھارا ہاتھ پکڑتا ہوں اور کہتا ہوں، ''یسوعؔ مسیح کے نام میں تم اپنے پیروں پر کھڑی ہو جاؤ اور تندرست ہو جاؤ۔''

**E-21** اور وہ چھوٹی بے چاری لڑکی، جسکا وزن چھتیس یا سینتس پاؤند سے زیادہ نہیں تھا،صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ.... کیوں، وہ کھڑی نہیں ہو سکتی تھی اگر اُسے ہونا تھا۔نا صرف کھڑی ہوگئی بلکہ اپنے پیروں پر چھلانگ لگائی اور اپنی پوری آواز کے ساتھ چلائی۔اور وہاں پر لوگ چلانا شروع ہو گئے۔ یہ بالکل عام اور ٹھیک بات ہے۔اور اُس کی ماں بے ہوش ہوگئی۔اور اُسکی بہن وہاں بھاگتی ہوئی آئی۔اور اُسے نہیں پتہ تھا کہ کیا کرے۔اُس نے چلانا شروع کر دیا،اپنے بال..... سڑک پر بھاگنا شروع کر دیا اور اِس طرح اپنے بالوں کو کھینچنا شروع کر دیا کیونکہ کوئی چیز رونما ہوئی تھی۔اُسکا باپ کھیت کے پار سے تھوڑے دودھ لئے آرہا تھا جو کہ ایک ڈبے میں تھا۔اور اُس نے پیانو کے بجنے کی آواز سُنی اور وہ گھر کی طرف بھاگا تا کہ دیکھے کہ یہ کیا تھا۔اور وہاں اُس کی بیٹی تھی جو نو سال اور آٹھ مہینوں سے کبھی بھی اپنے بستر سے نہیں ہلی تھی وہ بیٹھی پیانو بجا رہی تھی، ''یسوع، مجھے صلیب کے پاس رکھ۔ وہاں ایک بیش قیمت چشمہ ہے جو سب کے لئے مفت ہے،ایک شفا والی ندی جو کلوری کے چشمے سے بہتی ہے'' یہ بالکل عام اور ٹھیک بات ہے۔

میرے خُدایا وہاں پر مارنگو بپٹسٹ کا منادا اور وہ سب وہاں آتے ہیں۔وہ، وہ صحن میں دوڑتی ہے اُس نے پتوں کو برکت دی۔اُس نے گھاس کو برکت دی۔ وہ اتنی زیادہ خوش تھی۔

بھائیو، بہنو یہ تقریباً چھ سال پہلے کی بات ہے۔آج رات جورجی کارٹرؔ مِل ٹاؤنؔ بپٹسٹ چرچ میں پیانو بجا رہی ہے جہاں پر میں پاسٹر ہوں۔اُسکو دیکھیں۔مس جورجی کارٹرؔ،مِل ٹاؤن، انڈیانا۔اُسکی شخصی گواہی کو حاصل کریں۔

وہی یسوعؔ مسیح جس نے جورجؔی کو اُس رات شفا دی، وہ آج رات یہاں پر ہے تا کہ ہر فرد کے لئے ویسا ہی کرے جو یہاں الٰہی حضوری میں کھڑے ہیں۔کیا آپ اِس پر یقین رکھتے ہیں؟

**E-22** اب یہ ہر اُس شخص کو مسح کرے جو یہاں الٰہی حضوری میں ہے خدا کی طاقت اِس چھوٹے انتظار کرنے والے گروہ کو بھر دے۔مرد اور خواتین جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور جن کے چہروں سے پسینہ بہ رہ ہے، خداوند وہ ایماندار ہیں۔اب میں تجھ سے مانگتا ہوں خدا، یہ جانتے ہوئے کہ تُو اپنے کلام پر قادر ہے۔تُو اُسی وقت ہمیں شفا دیتا ہے جب ہم یقین کرتے ہیں۔لیکن اگر یہ ممکن ہے، خداوند، خدا کے فرشتے جو ہر قطار پر بیٹھے ہیں، یہاں اِس رات نیچے اور اوپر کو جائیں، اِس پلپٹ کے گرد، حاضرین میں سے، اور ہر ایک شخص اُس سے الٰہی چھوئے جانے کو حاصل کرے جسکی میں گواہی دیتا ہوں۔

خدایا، عطا کر کہ آج رات، یہ سب سے عظیم رات ہو جو کہ ہم نے اپنی زندگی کے تمام ایام میں دیکھی ہو۔خُدا کی طاقت اِس عمارت کو ڈھانپ لے اور یہ لوگ جو ایمان سے انتظار کر رہے ہیں، پنکھوں کے ساتھ ہوا دے رہے ہیں، خدا کی روح اُن میں سے ہر ایک پر جنبش کرے اور ہر شخص پر جو آج رات اِس عمارت میں ہے۔اپنے بیٹے یسوعؔ مسیح کے نام کے وسیلے خدایا اِسے عطا کر۔آمین۔

پیارے بھائیو، دُعا کریں۔میرا ایمان ہے کہ آج رات خدا ہمارے لئے کچھ کرنے جا رہا ہے۔

**E-23** حاضریں، کیا آپ میرے لئے یہ کریں گے؟ کیا آپ انتظار کریں گے، دیکھیں گے اور

پاک روح کا پہلا مسح جو آپ کو چھوتا ہے آپکی دُعا کے جواب میں صرف چند لمحے پہلے۔کیا آپ اپنے پیروں پر کھڑے ہوں گے تا کہ خدا کو جلال دیں؟ جبکہ یہ چیزیں یہاں پر ہو رہی ہیں خدا اپنے لوگوں کو روح میں جنبش دے رہا ہے۔جب خدا کسی کے لئے کچھ کرتا ہے تو آپ کھڑے ہوتے ہیں اور اپنی شفا کو بھی قبول کرتے ہیں۔

میں آپ کو بتاؤں کہ اگر آپ یہ کریں گے تو جلال کی ایک لہر اس عمارت سے ٹکرائے گی اور جب روح القدس اِس میں آتا ہے تو پھر جنبش ہوتی ہے۔آگے بڑھیں اور وقت پر اپنے حصے کو وصول کریں میں ہر ایک کی خدمت کے قابل نہیں ہوسکوں گا۔کیا آپ اِس پر یقین نہیں رکھتے؟ تو پھر اِس عمارت سے باہر نکلیں اور اِس کو خدا پر چھوڑیں۔اِس کی گواہی دیں۔اپنے سارے دل سے اِس پر یقین رکھیں۔اِسکو تھامے رکھیں اور دیکھیں کہ کیا واقع ہوتا ہے۔خدا جواب دے گا۔ آمین۔آپ اِس پر یقین رکھتے ہیں؟

**E-24** آپ نے کتنے کارڈ دیئے ہیں؟ یہاں سے قطار در قطار شروع کریں۔وہ 51 سے ایف دے گا اِسکو یہاں سے شروع کریں، 55,54,53,52,51 میرا خیال ہے اتنے جتنے کہ آپ لوگوں میں دے سکتے ہیں۔اسکو یہاں تک لے جاتے ہیں.... خیر، آپ حاصل کر سکتے ہیں..... آپ وہاں دس سے زیادہ لے سکتے ہیں؟ ٹھیک ہے، پہلے دس کو کوشش کرتے ہیں۔اور پھر ہوسکتا ہے کہ ہم اُسکے بعد تھوڑے اور زیادہ لے لیں۔51 سے 60 یہ چھ ہے 51 سے..... 60 اور پھر جونہی وہ ہجوم نیچے ہوتا ہے جیسے ہی وہ برابر ہوتے ہیں، اگر وہاں زیادہ جگہ ہے تو دائیں ہو جائیں۔ شروع کریں,63,62,61 65,64 اور 70 تک۔وہ ہجوم نیچے ہو جاتا ہے تو اُسی طرح 80 تک شروع کریں۔اور پھر جب وہ لے لیتا ہے..... اُس وقت تک آپ میں سے ہر ایک صحیح جگہ

پر ہونا چاہیے۔روح القدس اِس عمارت میں آپ میں سے ہر ایک کو شفا دینے کے لئے نازل ہو رہی ہے۔ بھائی باکسٹر، آگے بڑھیں۔

ٹھیک ہے۔ہم بڑی جلدی سے شروع کرنے جا رہے ہیں۔جبکہ وہ قطار بنا رہے ہیں اور اُنکو پار رہے ہیں لوگوں کو انکی نشتوں پر لے جانے والے لوگوں کو تیار کریں۔ٹھیک ہے۔

**E-25** کس نے ہماری رپورٹ کا یقین کیا ہے؟ یقین کیا ہے کہ یہ سچ ہے؟ زبردست۔آپ میں سے کتنے ہیں کہ جنہوں نے اِس ہفتے شفا پائی ہے؟ بھائی باکسٹر، وہاں دیکھیں میں جانتا ہوں کہ یہ سچ ہے۔

آپ میں سے کتنے ایمان رکھتے ہیں کہ آپ آج رات خدا سے شفا پانے جا رہے ہیں؟ آئیں آپ کا ہاتھ دیکھتا ہوں۔وہ آپکو کبھی بھی مسترد نہیں کرے گا۔وہ آپ کو رد نہیں کرسکتا۔وہ ایسا ہے جو آپ کو رد نہیں کرسکتا کیونکہ وہ خدا ہے۔اب، جہاں تک ان لوگوں کا ہے جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، دوستو، میں یہاں اِن لوگوں کو دیکھتا ہوں۔میں ایک، دو، تین چار وہیل چیئرز کو دیکھتا ہوں۔اب، باقی اس کے اور، پانچ، ایک یہاں پر بیٹھا ہے۔

**E-26** اب، آپ لوگ جو وہیل چیئرز پر ہیں، سوچیں کہ آپکا کیس.... اب، آپ جو کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے؛ اپنی شفا کو قبول کریں سمجھے؟ صرف کہیں، ''میں اب شفا پا چکا ہوں۔میں ابھی شفا پا چکا ہوں'' سمجھے؟ اور صرف اِس پر یقین کرتے جائیں۔اور اگر آپ صرف اتنا ایمان رکھیں کہ اٹھ کھڑے ہوں، خدا اِسکو، مجھے دکھائے گا، پھر آپ اٹھ کھڑے ہوں، جیسے کہ اُس رات وہاں اُس خاتون نے کیا جو وہاں بیٹھی ہوئی تھی۔کیا آپ نے اُس رات اُس خاتون کو وہاں وہیل چیئر پر بیٹھے ہوئے دیکھا تھا کہ وہ ڈاکٹر اور اس طرح کی چیزیں کر چکی تھی۔پہلی چیز جو آپ جانتے ہیں میں نے

اُسکواِس طرح چلتے ہوئے جاتے دیکھا تھا۔ میں نے کہا، ”کھڑی ہوجاؤ۔ یہ ختم ہو چکا ہے“ کیونکہ خدا نے اُسے مکمل بنایا تھا۔

اب، آپ جو دُعا میں ہیں، بڑی تعظیم سے رہیں جبکہ ہم دُعا کرتے ہیں ٹھیک ہے۔

**E-27** میرا ماننا ہے کہ خدا دُعا کا جواب دینے جا رہا ہے۔ میں نے ہر چیز تیار کر لی ہے چنانچہ.. میں اس پر ایمان رکھتا ہوں، کیا آپ نہیں؟ میرا ایمان ہے کہ آج رات کچھ رونما ہونے جا رہا ہے۔ میں صرف اِس کے لئے دیکھ رہا ہوں۔ میں صرف اِس کو محسوس کرتا ہوں۔ ٹھیک ہے۔

جناب، آپ کیسے ہیں؟ اب، آپ وہاں پر یقین کرنے جا رہے ہیں؟ ٹھیک ہے۔ ایمان رکھیں۔ آپ سب یہاں ایمان رکھنے جا رہے ہیں؟ یہاں پر اور اُدھر پیچھے؟ اپنے پورے دل سے ایمان رکھنے جا رہے ہیں؟ ٹھیک ہے، یہ اب مناسب ہے۔

ٹھیک ہے، بھائی۔ میں ..... بولنے کے بعد میں تھوڑا سا تھکا ہوتا ہوں، آپ کو پتہ ہے، میں نے حاصل ..... آپ کو پتہ ہے کہ یہ انسانی طور پر حواس باختہ ہے، یہ صرف .... میرا خیال ہے کہ یہ اِسی طرح ہوتا ہے۔ لیکن خیر، میں نے اپنے آپ کو خاموش کر دیا ہے خداوند کے اُس فرشتہ کے مسّح کے لئے۔

اب میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ آپ کو شفا دے گا۔ اِس کا آپ کی شفا سے کوئی تعلق نہیں ہے: یہ صرف آپ کے ایمان کو مزید مضبوط کرے گا (آپ نے دیکھا؟) یا اِسی طرح کی کوئی چیز۔ کیونکہ میں یہ تصور کرتا ہوں کہ آپ اور میں اجنبی ہیں۔ میرا نہیں ماننا کہ میں آپ سے کبھی مِلا ہوں۔ میں آپکو نہیں جانتا۔

**E-28** آپ، آپ ایسے لگتا ہے کہ آپ کو سر درد یا کوئی ایسی چیز ہے۔ کسی طرح کا ایک.... یہ

درست نہیں ہے۔کوئی چیز غلط ہوئی ہے..... میرا خیال ہے کہ شاید یہ ناک کی سوزش ہے۔میں آپ کو اس طرح بیٹھے ہوئے دیکھتا ہوں۔آپ نے دیکھا؟ اور آپ کو نیند کی کمی بھی ہے، کیا آپکو نہیں ہے؟ واقعاً کمزور ہیں۔کہیں کہ آپ بھی ایک خادم ہیں۔میں آپ کو دیکھتا ہوں۔آپ انجیل کے خادم ہیں۔میں اِس کو دیکھتا ہوں اور آپ کو دل کی تکلیف ہے؟ آپ کا دم گُھٹتا ہے۔کیا یہ درست نہیں ہے؟ میں دیکھتا ہوں کہ آپ نے اپنے..... کیا یہ سچ ہے، خادم بھائی؟ ایک منٹ اِدھر آئیں۔ہم بھائی ہیں۔

**E-29** ہمارے آسمانی باپ میں اپنے سارے پیارے بھائی کے لئے رحم کا طلب گار ہوں۔ اور میں دُعا کرتا ہوں کہ تیرا روح جو کہ ابھی یہاں پر ہے، میرے بھائی کو برکت دے گا۔ خداوند، آگے بڑھ اور اُسے شفا دے۔اور اس رات آگے کو مزید وہ کبھی بھی تکلیف نہ اٹھائے۔ یسوؔع مسیح کے نام میں۔آمین۔بھائی، خدا آپ کو برکت دے۔جائیں اور ٹھیک رہیں۔آئیں کہیں، ''خدا کی تمجید ہو''۔(جماعت کہتی ہے''خدا کی تمجید ہو''۔اوہ، میرے خدا! اب جب کہ اِس طرح مُڑتا ہوں تو یہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کہ ایک بھرپور کھینچاؤ۔

آپ کا ایک آپریشن ہوا تھا۔اگر میں.... دیکھیں اگر میں غلط ہوں۔کیا میں نہیں.... جب میں نے آپ کو لپٹا ہوا دیکھا، لیکن کیا انھوں نے آپ کے جسم سے کوئی چیز نہیں ہٹائی تھی، ایک پسلی یا کوئی ایسی ہی چیز؟ اوہ، سات پسلیاں آپ کے جسم سے۔میں نے سرجن کو دیکھا تھا جونہی وہ مُڑتا ہے۔جس نے آپریشن کیا وہ ایک لمبا اور پتلا شخص تھا۔کیا یہ ٹھیک ہے؟ اُسکے چہرے پر ایک سفید چیز تھی۔وہ مُڑا..... وہاں میز پر کئی تھے۔میں دیکھتا ہوں کہ ایک سنہرے بالوں والی نرس ایک طرف کو واپس جاتی ہے۔بہن آپ اُس وقت سے کمزور اور پریشان ہیں، کیا ایسا

نہیں؟ آپ ایک سینا ٹوریم میں تھیں، کوئی بھی چیز بہتریں نہیں کر پا رہی۔کیا یہ سچ تھا؟ یہاں آئیں۔

**E-30** پیارے آسمانی باپ، بے چاری چھوٹی سی مرتی ہوئی عورت قریب آئی ہے کہ اپنی برکت کو حاصل کرے میں سوچ رہا ہوں کہ تُو کیا کرے گا؟ باپ، تُو اپنا ہاتھ اُس پر رکھے گا۔تُو اُس شیطان کو جھڑکے گا؟ اُسے تُجھ کو سُننا پڑے گا۔

اور اب جبکہ تُو اوپر چلا گیا اور آدمیوں کو تحفے دئے ہیں اور وہ... اُسکے لئے دُعا کی گئی ہے اور اُسکا ایمان خداوند، وہ یقین کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔لیکن اس سے پہلے کہ وہ مر جائے، خداوند اُسکی مدد کر۔

شیطان، یسوع مسیح کا ایماندار ہوتے ہوئے اور کلوری پر اُسکے متبادل دُکھ کو ظاہر کرتے ہوئے، میں تجھے یسوعؔ مسیح کے نام میں حکم دیتا ہوں کہ عورت کو چھوڑ دے۔اُس سے باہر نکل آ۔

آج رات تم یہاں سے جاؤ اور جو کھانا چاہتی ہو، کھاؤ۔چند دنوں میں تم اپنے آپ کو پرکھو اور پھر مجھے اپنی گواہی لکھ کر بھیجو۔بہن خدا آپ کو برکت دے۔

ایک اور چیز، جب آپ بچی تھیں تو آپ نے دیکھی تھی...؟... تمھاری آنکھوں میں سے ایک...؟... اُن کو گھُماؤ....؟....

اُسے صرف کچھ بتا رہا تھا جو میں نے ایک رویا میں دیکھی تھی جو کہ....؟.... آئیں کہتے ہیں، ''خداوند کی تعریف ہو'' (جماعت جواب دیتی ہے۔''خداوند کی تعریف ہو''۔)

ٹھیک ہے۔خاتون کو لائیں۔اب، ہر کوئی جتنا ادب سے بیٹھ سکتا ہے بیٹھے۔

**E-31** اب، اِس دوسرے ہاتھ کو لیں اور اِسے محسوس کریں۔اِس ہاتھ کو یہاں چھوئیں۔

دیکھا؟ دیکھا میرا کیا مطلب ہے؟ اب یہ صرف.... یہ سیدھا میرے دل کو آتا ہے۔ یہ ایک قسم کا ''بررر'' ہے۔ یہ کینسر ہے۔ یہ حرکت پذیر ہے۔اور اب، کلام کہتا ہے... اب، تمھیں دیکھتے ہوئے، کینسر تمھارے گلے میں ہے، کیا یہ نہیں ہے؟ کیا یہ ٹھیک ہے؟ جی ہاں محترمہ میں دیکھتا ہوں کہ کہاں پایا جاتا ہے۔

ظاہر ہے آپ اِسکو باہر سے نہیں بتا سکتے لیکن آپ کر سکتی ہیں....؟....رویا کے ذریعے۔

اب یہ کیا عجیب نہیں ہے کہ جو کوئی دوسرا انسان وہاں اپنا ہاتھ رکھے گا اور اِس سے کچھ فرق نہیں پڑتا؟ اور پھر آپ چلتے ہوئے یہاں آتے ہیں اور اپنا ہاتھ وہاں رکھتے ہیں اور یہاں اور یہاں یہ ہے کیا یہ نہیں ہے

اب پھر یہاں پر کچھ چیز ہے جس نے مجھے مسُح کیا ہے جو اِس قابل ہے کہ جانے کہ آپ کے ساتھ کیا غلط ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ یہ یہاں پر کیا ہے: کیا آپ نے خداوند کے فرشتے کی وہ تصویر دیکھی ہے جو میں نے دکھائی تھی؟ آپ نے اِس کو نہیں دیکھا ہے؟ اب، یہ وہ ہے جو کہ یہ ابھی ہے۔ تصویر جو میں نے دکھائی تھی، اُس کے اوپر وہ فرشتے والی تصویر تھی جہاں میں کھڑا تھا۔

E-32 اب، آپکے ساتھ کچھ غلط ہے (دیکھا؟) ایک کینسر۔ اور جونہی آپ اپنے ہاتھ یہاں پر رکھتے ہیں اور جیسے ہی ہمارا رابطہ ہوتا ہے، کوئی چیز اُچھلتی ہے۔ اب، یہ کیا ہے؟ یہ آپ میں کینسر ہے اور خداوند کا فرشتہ یہاں پر ہے۔ اب میں اِسکو یہاں سے نہیں بھیج سکتا لیکن آپ کا ایمان یسوع مسیح میں اِسکو آپ کیلئے رخصت کر دے گا۔ دیکھا؟ یہ ایک زندگی ہے۔ اب ایک کینسر کیا ہے؟ یہ

ایک جراثیم ہے۔ یہ خلیوں کا بڑھنا ہے۔ یہ آپکی گردن پر پڑا ہے، آپکے خون کو چوس رہا ہے، اور جلد ہی آپ چلے جائیں گے۔ دیکھا؟

اب، الٰہی شفا کے راستے میں اگر تم کینسر تھے، میں اِسی وقت تمھاری زندگی کو تم میں سے بُلاتا ہوں اور تمھارا جسم مردہ ہو جائے گا تھوڑی دیر بعد تم گل جاؤ گے اور چلے جاؤ گے۔ شروع کے چند دنوں میں اگر یہ تمھیں چھوڑتا ہے تو تم حیرت انگیز محسوس کرو گے۔ آپکا گلا بہتر محسوس کرے گا۔ اور پھر یہ پہلے سے بھی زیادہ بدتر جائے گا۔ اور بڑی چیزیں تھوکیں گے۔ اور بہت دفعہ جب لوگ واقع اِس طرح بیمار ہو جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں، ''میں نے اپنی شفا کو کھو دیا ہے''۔ اگر یہ آپکو چھوڑ دیتا ہے تو کیا آپ اِس پر ایمان نہیں رکھتے۔ گواہی دیتے رہیں۔ یسوع نے اُس آدمی کو کہا، ''تیرا بیٹا جیتا ہے''۔ اور اُس شخص نے بھروسہ کیا کہ جو اُس نے کہا تھا۔ دیکھا؟ آپ مانتے ہیں جو آپکو بتایا جاتا ہے۔

E-33 اب اگر خدا کے روح کے ذریعے، میں آپکی تکلیف کو دیکھنے کے قابل ہوتا ہوں کہ وہ کیا تھی اور آپکی زندگی اور لب آپ جانتے ہیں کہ یہ سچ ہے جو وہ اِسطرح سے کہتا ہے وہ بھی سچ ہو گا، کیا کہ نہیں ہوگا؟ اگر وہ نہ جانتے ہوئے سچ تھا تو یہ جانتے ہوئے سچ ہوگا، کیا یہ درست ہے؟

اب، میں چاہتا ہوں کہ آپ دوبارہ یہاں پر اپنا ہاتھ رکھیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ دیکھیں۔ اب میں چاہتا ہوں کہ آپ دیکھیں؟ یہ وہ انداز نہیں ہے جس میں ہاتھ رکھا ہے (آپ نے دیکھا؟) یہ ویسا ہی ہے اگر یہ کہیں پر بھی۔۔۔؟۔۔۔

اب بائبل نے کہا، ''دو یا تین گواہوں کے منہ سے، کلام ثابت ہو۔''

کیا یہ ٹھیک ہے؟ آپ ایک اجنبی کے طور پر آئے ہیں۔ میں آپکو نہیں جانتا۔ آپ اپنا ہاتھ مجھ پر

رکھتے ہیں اور کوئی چیز چمکتی ہے۔اور میں آپ کو بتاؤں گا کہ یہ کیا ہے۔وہاں ایک گواہ ہے، کیا یہ نہیں ہے؟ اور آپ اب اِس کو دیکھ رہے ہیں۔اِسکو وہاں دیکھیں۔اب اِس کو دیکھیں، میں چاہتا ہوں کہ آپ قریب کھڑے ہو جائیں تاکہ آپ اِس کا مشاہدہ کر سکیں۔یہاں اِسکو دیکھیں کہ یہ کیسے آتا اور جاتا ہے۔اب، یہاں یہ مر رہا ہے۔دیکھا؟

اب میں اِسکو آتے ہوئے محسوس کر رہا ہوں۔۔۔یہ دوبارہ یہاں آتا ہے اب اِسکو دیکھیں۔ دیکھا؟ یہ لہروں کی مانند ہے۔اب یہ کینسر پر جوش ہے۔کینسر کی زندگی، اُس جراثیم کی زندگی پر جوش ہے۔یہ ایک روح ہے، کیونکہ یہاں قریب ہی، آپ اور میں کھڑے ہیں اُس چیز کے جو آپکے ایمان کی وجہ سے اِس کو چھوڑ سکتی ہے۔

E-34 اب میں آپ کیلئے دُعا کرنے جا رہا ہوں، کیونکہ آپکو پتہ ہے کہ آپکو کینسر ہے۔آپ بہت زیادہ بدحواس اور پریشان ہیں۔میں آپکا ذہن نہیں پڑھ رہا۔لیکن آپکو نہیں پتہ؟ مجھے یہ کہنے کی ضرورت ہی نہیں۔لیکن اب میں جو کرنے جا رہا ہوں، اور میں چاہتا ہوں کہ حاضرین اپنے سروں کو جُھکائیں۔میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے ہاتھ کو دیکھیں۔اگر یہ۔جاتا ہے تو آپ نے شفا پالی ہے۔یہ تین گواہ ہوں گے۔کیا یہ ٹھیک ہے؟ اگر یہ وہیں پر رہتا ہے تو پھر ابھی بھی آپ کو کینسر ہے۔ اب، یاد رکھیں میں اِسکو یہاں سے نہیں بھیج سکتا۔اب وجہ جو میں آپ سے پُوچھتا ہوں۔۔۔ دیکھیں، آپ ہیں وہ جس کو کینسر ہے۔اگر یہ باہر جاتا ہے تو وہاں پر بحثیت مجموعی کینسر ہوگا۔دیکھا؟ اب، میں چاہتا ہوں کہ آپ ایمان رکھیں جب کہ میں دُعا کرتا ہوں۔اور میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے ہاتھ کو دیکھیں۔دیکھیں کہ کیا یہ واقعی حرکت بھی کرتا ہے۔دیکھا؟ اور پھر اگر یہ نیچے گرتا ہے تو سوجن چھوڑ جاتی ہے، وہاں پر پھڑ پھڑاہٹ چلی جاتی ہے، اگر یہ فارمل ہے جیسا کہ

اِس ہاتھ پر ہے تو پھر آپ شفا پا چکے ہیں۔اگر یہ نیچے گرتا ہے تو سوجن چھوڑ جاتی ہے، وہاں پر پھڑ پھڑاہٹ چلی جاتی ہے، اگر یہ نارمل ہوتی ہے جیسا کہ اِس ہاتھ پر ہے تو پھر آپ شفا پا چکے ہیں۔اگر یہ نہیں ہوتا تو آپ نے نہیں پائی۔دیکھا؟ مجھے اِسکے ساتھ کچھ نہیں کرنا ہے۔یہ آپ کا ایمان ہے۔

حاضرین کیا آپ اپنا سر جھکائیں گے؟

ہمارے آسمانی باپ، یہ بے چاری عورت اور یہ خادم جو یہاں بیٹھے ہوئے میرا ہاتھ دیکھ رہے ہیں، جانیں کہ تُو مسیح ہے، خدا کا بیٹا اور جانیں کہ تیرا خادم جو بتا رہا ہے وہ سچ ہے۔۔۔تُو نے مُوسیٰ نبی سے کہا،''اِن دو نشانوں کے ذریعے، وہ ایمان لائیں گے''۔اور یہ لوگ اِن نشانوں کے بغیر ایمان رکھتے ہیں وہ تجھ پر ایمان رکھتے ہیں۔اور اب اے باپ میں اِس بے چاری عورت کیلئے رحم کا طلب گار ہوں جو کہ ہم جانتے ہیں کہ اِس طرح مزید زندہ نہیں رہ سکتی۔اُس پر رحم کر اور اُسے شفا دے، یسوع کے نام سے میں اُس کیلئے شفا مانگتا ہوں۔

E-35 اب، اِس سے پہلے کہ میں اپنا ہاتھ کھڑا کروں، یا دیکھیں کہ یہ نہیں رُکا ہے، یہ ابھی بھی بھاگ رہا ہے خاتون کیا یہ نہیں ہے؟ یہ ویسا ہی ہے جیسا کہ یہ تھا۔اب حاضرین کیلئے، یہ نہیں رُکا ہے۔یہ ابھی بھی گردش میں ہے۔بہن اب میں اِس کو نہیں روک سکتا کیونکہ۔۔۔؟۔۔۔اِس کو کھولتے ہوئے۔۔؟۔۔لیکن اب اِس کو یہاں دیکھیں۔۔دیکھیں۔۔۔؟۔۔۔

تم پر اختیار جتاتے ہوئے، یسوع مسیح خدا کے بیٹے کی تکلیفوں کی وجہ سے، اِس عورت سے نکل جاؤ۔

اب دوستو، میں آپ سے صرف اونچا نہیں بول رہا تھا۔میں آپکے کانوں کے بہرا کرنے کی کوشش نہیں کر رہا تھا۔لیکن بعض اوقات یہ شیاطین بات نہیں مانتے اور پھر آپ کو اِن کو

نکال پھینکنا ہوتا ہے۔اگر وہ آسانی سے نکل جائیں تو ٹھیک ہے لیکن آپ گھر آتے ہیں اور آپ۔۔۔ اور میں نے آپ کو بتایا کہ باہر جائیں اور آپ چلے گئے،تو یہ سب ٹھیک ہے۔لیکن جب آپکو اِسے باہر پھینکنا ہوتو یہ مختلف ہے۔دیکھا؟اور آپ اِن چیزوں کو بچوں کی طرح نہیں رکھ سکتے۔ٹھیک ہے۔

E-36 کیا آپ یسوع کے ساتھ محبت کرتے ہیں؟ کیا وہ حیران کنُ نہیں ہے؟اب اگر آج رات وہ یہاں کھڑا ہو،میرا سُوٹ پہنے ہوئے،وہ آپ کیلئے اِس سے زیادہ نہیں کرسکتا جوکہ وہ ابھی آپ کیلئے کر رہا ہے۔اُسے پتہ تھا کہ کیا غلط تھا۔وہ آپ کو بتا سکتا تھا کہ کیا غلط تھا لیکن وہ آپ سے کہے گا،''بیٹا کچھ نہیں کرسکتا سوائے اُس کے جو باپ اُسے دکھائے''۔کیا یہ ٹھیک ہے؟۔

اور اُس نے کہا،''اب یہ کام جو میں کرتا ہوں،تم بھی کروگے؟

آپ کو یاد ہے کہ جب نتن ایل اُس کے پاس آیا تو اُس نے اُسے کہا،''میں تمھیں جانتا ہوں، دوسرے الفاظ میں''،تم ایک مسیحی ہو''۔

''تم مجھے کب سے جانتے ہو''؟

''اِس سے پیشتر کہ فلپس نے تجھے بُلایا اور جب تم درخت کے نیچے تھے،میں نے تمھیں دیکھا''۔

اُس نے یہ کیسے کیا؟ اُس نے اُسے ایک رویا میں دیکھا تھا۔کیا یہ دُرست ہے؟

E-37 اب،یہاں میرے سامنے ایک چھوٹی لڑکی کھڑی ہے۔میرا نہیں ماننا کہ میں تمھیں جانتا ہوں۔پیاری کیا ہم اجنبی ہیں؟میں تمھارے بارے میں کچھ نہیں جانتا،کیا میں جانتا ہوں؟ قطعاً نہیں۔اور کیا،صرف یہ کہوں۔۔۔تم کہاں سے ہو؟اونٹاریو،کینیڈا اور ہم بہت سارے میلوں دور اور سالوں کے فرق سے پیدا ہوئے ہیں۔میں نے اپنی زندگی میں تمھیں کبھی نہیں

دیکھا۔اگر اِس دنیا میں کوئی چیز جو میں تمھارے بارے میں جانتا ہوں تو یہ یقیناً مافوق الفطرت طاقت سے آئی ہوگی۔کیا یہ ٹھیک ہے؟ بھائی باکسر، کیا آپ لڑکی کو جانتے ہیں؟ وہ بھی کینیڈا سے ہیں۔یسوع مسیح کے ذریعے ہم ایک مشترکہ چیز پر مل سکتے ہیں، کیا ہم نہیں کرسکتے؟ یہ ٹھیک ہے۔ میں تھوڑا سا قریب جانا چاہتا ہوں۔میں دیکھتا ہوں کہ تم کافی کمزور ہو۔مجھے نہیں پتہ کہ تمھارے ساتھ کیا مسئلہ ہے۔لیکن میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم مجھ سے بات کروں جیسے کہ میں تم سے بول رہا ہوں۔میں نہیں چاہتا کہ تم۔۔۔۔

E-38 سانس کا مسئلہ، کیا یہ نہیں ہے؟ دمے والی حالت۔کہو کہ تمھارا ایک ہسپتال میں معائنہ ہوا ہے یا ایسی ہی کوئی چیز؟ میں دیکھتا ہوں کہ ایک ڈاکٹر آپ کے گرد ہے، کہوں کہ میں کچھ مختلف دیکھتی ہوں۔تمھارے ساتھ ایک حادثہ بھی پیش ہوا تھا۔کیا تم ایک حادثے میں نہیں تھیں؟ تمھیں چوٹ بھی لگی تھی، کیا تم گاڑی کے حادثے میں نہیں تھیں؟ کیا یہ سچ ہے؟

اب، دیکھتے ہیں کہ کیا میں دوبارہ واپس جا سکتا ہوں، وہاں پر کچھ ہے ایک ڈاکٹر کے بارے میں، کیا یہ نہیں تھا؟ کیا تم مجھے بات کرتے ہوئے سُن سکتی ہو؟ یہ میں نہیں تھا۔یہ میں۔میں نہیں تھا۔یہ میری آواز میں تھا لیکن میں یہ نہیں کررہا تھا۔اب جو بھی میرے وسیلے سے بولا گیا اور جو بھی میں نے تم سے کہا، کیا یہ سچ تھا؟ اب، صرف یہ کہو اگر تو یہ سچ ہے۔صرف اپنا ہاتھ کھڑا کردو اگر یہ سچ تھا۔اور یہ وہ نہیں تھا جو تم سوچ رہی تھیں۔تم اُن چیزوں کے بارے میں نہیں سوچ رہی تھیں، کیا تم کر رہی تھیں؟ چنانچہ یہ میرا ذہن کو پڑھنا نہیں تھا، کیا یہ ہوسکتا تھا؟ اِسکو اُسکے پیچھے جانا تھا، کیا یہ نہیں تھا؟ چیزیں جو میرا خیال ہے کہ کوئی بھی اِس آڈیوڑیم (ہال) میں نہیں جانتا، جب تک کہ یہ آپ نہیں تھے۔دیکھا؟ یا جب تک کہ کوئی جو آپ کے بہت قریب نہ ہو، اسے نہیں جانے

گا۔

E-39 اب میں نے آپکوسچائی بتائی ہے،لیکن میں نے نہیں؟ کیا اب آپ مجھ پر خدا کے نبی کے طور پر ایمان رکھتے ہیں کہ میں نے آپکو سچ بتایا ہے؟ آپ وہ کریں جو میں نے آپکو بتایا ہے۔ پیاری بہن میں

اپنے ہاتھ آپ پر رکھنے جارہاہوں۔میرے گھر میں ایک چھوٹی لڑکی ہے۔ اور میں جانتاہوں کہ اگر وہ بیمار تھی۔۔۔اب اُس یادگاری میں جو یسوع نے کہا جب وہ کلوری پر مُوا،اُس نے تمھیں شفادے دی ہے۔

اوراب آپ اِس چیز سے آگاہ ہیں کہ کوئی مافوق الفطرت چیز نے جس پر آپ ایمان رکھتی ہیں وہ یہاں پر ہے۔کیا یہ ٹھیک ہے؟ میری بہن میں تمھیں خداوند یسوع مسیح کے نام میں برکت دیتاہوں کہ اُس نے یہ دمہ تم سے دُور کردیا۔اورآج رات تم اُس خوبصورت ملک میں واپس جاؤ تو ایک تندرست عورت ہواوراپنی زندگی کے تمام ایام میں اپنے ساتھ خدا کے فضل کی گواہی دو،خدا کرے کہ وہ تمھاری گواہی کوتمھاری کمیونٹی میں ایک بیداری کے لئے استعمال کرے۔یہ برکات میں یسوع مسیح کے نام سے تم پر رکھتاہوں۔آمین۔

E-40 تم کیا سوچتی ہو کہ تمھیں شفا مل گئی ہے؟اب تم پلیٹ فارم سے شفا سے جاسکتی ہو۔بہن خدا تمھیں برکت دے۔

آئیں ہم کہیں،’’خدا کی تمجید ہو‘‘۔

☆☆☆☆☆☆☆